بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم ۔ اما بعد

بخدمت مکرم محترم جناب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔ امید کہ آپ خیریت سے ہوں گے پھر عید کا چاند چڑھنے والا ہے اور پھر عید کی مبارک باد دینے کے لئے میں حاضر ہوا ہوں۔ ایسی بہت سی عیدیں خیر وخوشی کے ساتھ اللہ تعالیٰ آپ کو دکھائے۔ آپ پھولیں پھلیں اور خوش خرم رہیں۔ آج کی سچی خوشی ان کے لئے ہے جو رمضان المبارک کو حسب فرمان خدا ورسول گذار چکے ہیں ورنہ وہ بھی ہیں جنھیں سوائے بھوک کے روزے سے کچھ حاصل نہیں۔ اور بہت سے تہجد گذار وہ بھی ہیں جنھیں سوائے شب بیداری کے اور کچھ حاصل نہیں۔ اللہ ہمیں ان میں سے نہ کرے۔ بلکہ ان میں سے کرے جن پر ماہِ صیام رحمتِ خدا کی جھومتی ہوئی بدلیاں برسا کر گیا ہے ۔

میرے مکرم میری طرف سے اس عید کی مبارکبادی قبول فرمائیں نیز میری خطاؤں اور لغزشوں سے درگذر فرمائیں۔ اور مجھے اپنی نیک دعاؤں میں نہ بھولیں۔ خدائے تعالیٰ آپ کو ہم کو اور جملہ امتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی حفاظت میں برسرِ ترقی رکھے آمین!

ہاں جہاں جناب نے رمضان شریف کے روزے پورے کئے وہاں اس ماہِ شوال میں بھی چھ روزے رکھ لیں حدیث شریف میں ہے کہ اس طرح کرنے والے کو پورے سال بھر کے روزوں کا ثواب ملتا ہے۔ اچھا فی امان اللہ۔ میں مکرر آپ سے اپنی لغزشوں کی معافی چاہتا ہوا آپ کو مبارک باد پیش کرتا ہوا رخصت ہوتا ہوں۔ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا

عطاء الرحمٰن

(مہتمم مدرسہ دار الحدیث رحمانیہ صدر بازار دہلی)

۲۹ رمضان المبارک ۱۳۵۶ھ

دار الحدیث رحمانیہ کا داخلہ دار الحدیث میں ۱۲ شوال کو تعلیم شروع ہو جائیگی طلباء کو چاہیے کہ ۱۲ شوال سے پہلے آکر داخل ہو جائیں (مہتمم)